<u>جناب رحیم داد خان {سینئیر وزیر (منصوبہ بندی، توانائی و برقیات)} (جواب وزیر اطلاعات نے پڑھا)</u>:

(الف) جی ہاں۔

(ب) محکمہ انرجی اور پاور صوبہ میں نومبر 2008ء سے کام کر رہا ہے۔ اپنے قیام سے لے کر آج تک محکمہ نے درج ذیل کام سرانجام دیئے ہیں:

(1) ملاکنڈ (III) ہائیڈرو پاور سٹیشن: 81 میگاواٹ سے بجلی کی پیداوار شروع ہو گئی ہے جس سے صوبے کو سالانہ 2 ارب روپے کی آمدنی ہو گی۔

(2) پیہور ہائیڈرو پاور سٹیشن: 18 میگاواٹ سے بھی بجلی کی پیداوار شروع ہو گئی ہے جس سے صوبے کو سالانہ 25 کروڑ روپے کی آمدنی ہو گی۔

(3) شیشی ہائیڈرو پاور سٹیشن (چترال): 1.87 میگاواٹ سے بھی بجلی کی پیداوار شروع ہو گئی ہے جس سے صوبے کو سالانہ 2 کروڑ روپے کی آمدنی ہو گی۔

(4) درال خوڑ (سوات): 36 میگاواٹ، رانولیا (کوہستان): 18 میگاواٹ اور مچھئی (مردان): 2.6 میگاواٹ پر تعمیراتی کام کا آغاز جلد ہو رہا ہے۔

(5) تین دوسرے ہائیڈل پراجیکٹس: کوٹو (دیر) 30 میگاواٹ، کروڑا (شانگلہ) 8 میگاواٹ اور جبوڑی (مانسہرہ) 8 میگاواٹ پر تعمیراتی کام کا آغاز جولائی 2010ء میں شروع ہونا تھا لیکن سیلاب کی وجہ سے یہ کام شروع نہیں ہو سکا۔ اب جولائی 2011ء سے ان منصوبوں کی تعمیر کا آغاز ہو گا۔

(6) مٹلتان ہائیڈرو پاور پراجیکٹ: 84 میگاواٹ پر کام پرائیویٹ سپانسر کی وجہ سے تعطل کا شکار تھا لیکن محکمہ کے بروقت فیصلہ کی وجہ سے یہ پراجیکٹ ان سے لے لیا گیا ہے اور اب اس کی تعمیر صوبائی حکومت اپنے وسائل سے خود سرانجام دے گی، اس کی کل تخمینہ لاگت 6 ارب روپے ہے۔

(7) لاوی ہائیڈرو پاور پراجیکٹ (چترال): 69 میگاواٹ کی فزیبیلٹی رپورٹ جو کہ واپڈا نے تیار کی تھی، صوبائی حکومت نے واپڈا سے بلا معاوضہ وصول کیا ہے اور اب منصوبے کو صوبائی حکومت خود تعمیر کریگی۔

(8) ایک دلچسپ بات یہ ہے کہ حکومت خیبر پختونخوا صوبے میں واقع واپڈا کے 3700 میگاواٹ کے ہائیڈرو پاور سٹیشن سے Net Hydel Profit کی مد میں 6 ارب روپے وصول کرتی ہے جبکہ ملاکنڈ III جو کہ محکمہ انرجی اور پاور کا تعمیر کردہ ہے، صرف 81 میگاواٹ سے حکومت کو 2 ارب روپے کا منافع ہو رہا ہے جو اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ ہائیڈل سیکٹر صوبے کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

(9) 50 میگاواٹ سے لے کر 350 میگاواٹ تک کے پراجیکٹ کی فزیبیلٹی سٹڈی کی جا رہی ہے اور اگلے تین یا چار سالوں میں اس پر کام مکمل ہو جائے گا۔

(10) پاور سیکٹر کے علاوہ صوبے کو اللہ تعالیٰ نے آئل اور گیس کے وسیع ذخائر سے نوازا ہے، ان وسائل سے فائدہ اٹھانے کیلئے محکمہ انرجی اور پاور نے حکومتی سطح پر آئل اور گیس کی تلاش کیلئے ایک کمپنی کے قیام کی تجویز دی ہے جسے صوبائی کابینہ نے منظور کر لی ہے۔

(11) اس سلسلے میں منصوبہ بندی کو حتمی شکل دینے کیلئے کنسلٹنٹ کی تعیناتی کا عمل بھی جاری ہے۔

جناب سپیکر: سپلیمنټری سوال پکښے شته جی؟

مفتی سید جانان: سپلیمنټری پکښے نشته جی، دا سوال ما د دے د پاره کړے وو او دا ډیره ښه خبره راغلے ده او په دے زهٔ ډیر خوشحاله یم چه ډیر زبردست کار شوے دے جی خو اخر کښے جی په دے 9 نمبر باندے دوئ مونږ ته لیکلی دی، 10 نمبر باندے چه "پاور سیکٹر کے علاوہ صوبے کو اللہ تعالیٰ نے آئل و گیس کے وسیع ذخائر سے نوازا ہے، ان وسائل سے فائدہ اٹھانے کیلئے محکمہ انرجی اور پاور نے حکومتی سطح پر آئل و گیس کی تلاش کیلئے ایک کمپنی کے قیام کی تجویز دی ہے جسے صوبائی کابینہ نے منظور کر لی ہے" زهٔ جی دے باره کښے دا عرض کول غواړم، خاصکر کرک او جنوبی اضلاع ته الله رب العالمین دا نعمت ورکړے دے جی خو درے کاله زمونږ د دغه سیکشن پوره شو، دیکښے خاصکر زمونږ د اپوزیشن چه څومره ملګری دی جی، مونږه نظر انداز کیږو، مونږه میاں صاحب ته ګیله کړے ده، مونږ ئے اوسه پورے نه یو میټنګ ته راغوښتی یو، زمونږ علاقه ده، د خلقو مسئلے دی، مونږ ته معلومے دی۔ زما حلقه کښے جی درے کوهیان دی، هغو درے کوهیانو باندے د خلقو د وړو وړو مسئلو د وجه نه اوسه پورے هغه کوهیان بند دی جی۔ خدائے د نه کړی چه داسے وخت راشی چه هغه کوهیان ناکاره شی د ډیر وخت تیریدو په وجه باندے، زهٔ دا ګزارش کوم چه تاسو ئے دغه اوکړئ چه دا زمونږ د علاقے خلق دی، مونږ د هغوی زبان پیژنو، مونږ د هغوی خبره پیژنو، مونږ د هغوی مسئلے پیژنو، مونږ ئے حل کولے شو او حکومت زمونږ سره زیاتے کوی۔ درے کاله زمونږ اوشو جی، مونږه نه راغواړی دغه مسئله کښے جی۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! دیکښے د جمعے په ورځ میټنګ دے په کوهاټ کښے، ما پرے پرون ټوله ورځ دلته تیره کړے ده، د ګیس افسران هم راغلی وو، ټول راغلی وو نو تاسو هم د کمشنر دفتر ته به د جمعے په ورځ باندے خامخا۔۔۔۔

مفتی سید جانان: زهٔ خو جی، دا خو تاسو ما ته وایئ جی۔۔۔۔

جناب سپیکر: زهٔ درته وایم، تاسو۔۔۔۔

مفتی سید جانان: زما ایم این اے او زما ایم پی اے راغوښتلے شی نو ما ولے نه راغواړی جی؟

جناب سپیکر: جی میاں صاحب۔ اودریږه چه میاں صاحب سرکاری جواب درکړی۔ جی، میاں افتخار صاحب۔

وزیر اطلاعات: جی د مفتی جانان صاحب بالکل ټهیک وائی او د هغه ګله په سر سترګو، ما پخپله د دے خبرے نوټس واغستو چه کله ما میټنګ راااوغوښتو نو ما ورته اووئیل چه هغوی ولے نه دی راغوښتے شوی؟ وائی تاسو وئیلی نه وو۔ زما هغوی ته دا سټینډنګ آرډر دے چه د دے نه پس ته کله هم میټنګ وی نو مفتی جانان صاحب او د هغوی دا ټول ملګری، مونږ به دوئ هغه میټنګ ته راغواړو۔ د دے نه پس چه دوئ پکښے نه وی، هغه میټنګ به نه وی خو ګیله ئے وه او ګیله ئے ډیره ټهیک کړے ده ځکه چه دوئ نمائندګان دی او دا یو څو ځله مونږ میټنګ کړے دے او دا غفلت شوے دے، د هغے ما اعتراف هم کړے دے، دوئ نه ما بخښنه هم غوښتے ده او د آئنده د پاره قاسم صاحب دے، دوئ هم دا خبره کړے وه چه څوک هم دی، هغه ټول به مونږ راغواړو او دا ورته آرډر دے چه کله هم میټنګ وی نو دا ټول به راغواړی۔

جناب سپیکر: دا ډیره ضروری ده میاں صاحب، دا نثار ګل صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: خبره ختمه شوه جی۔

ملک قاسم خان خٹک: زما ډیره اهمه خبره ده جی۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

1۔ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہر سال بجٹ میں نئے کالجوں کی تعمیر کیلئے رقم مختص کی جاتی ہے جبکہ نئے کالجوں کی تعمیر ضرورت کی بنیاد پر کی جاتی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع مانسہرہ میں شنکیاری بفہ اور بھیر کنڈ میں گرلز یا بوائز کالج کی ضرورت ہے جس کیلئے قابل عمل رپورٹ بھی بنائی گئی ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بالا مقامات پر گزشتہ تین سالوں سے کسی بھی کالج کی منظوری نہیں دی گئی؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مذکورہ مقامات میں سے کسی ایک ترجیحی مقام پر بوائز یا گرلز کالج کی کب تک تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم)</u>: (الف) درست ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) درست ہے۔

(د) چونکہ سال رواں کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت وزیراعلیٰ صوبہ خیبر پختونخواہ کی ہدایات کی روشنی میں پندرہ کالجوں کی تعمیر کا منصوبہ پی سی ون میں شامل کیا جا چکا ہے اس لئے قابل عمل رپورٹ کی بنیاد پر مذکورہ بالا مقامات پر کالج کی تعمیر کے منصوبے پر اگلے سال کے ترقیاتی پروگرام میں غور کیا جائے گا۔

7۔ <u>مفتی کفایت اللہ</u>: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں سرکاری لائبریریاں صرف پشاور، ایبٹ آباد، مردان، بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان، سوات اور صوابی کے اضلاع میں موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو باقیماندہ اٹھارہ اضلاع میں سرکاری لائبریریوں کے قیام کیلئے حکومت کے زیر غور کوئی ماسٹر پلان ہے، اگر ہے تو کب تک ان اضلاع میں لائبریریاں قائم کی جائیں گی، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم)</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) محکمہ ہائر ایجوکیشن، آرکائیوز و لائبریریز صوبے کے تمام اضلاع میں مرحلہ وار پبلک لائبریریز کے قیام کیلئے کوشاں ہے۔ سوال کے جواب (الف) میں بیان کی گئیں لائبریریوں کے علاوہ تیمرگرہ (ضلع دیر لوئر) اور ہری پور میں لائبریریاں زیر تکمیل ہیں جبکہ موجودہ مالی سال کے دوران چار اضلاع کوہاٹ، لکی مروت، مانسہرہ اور چترال میں پبلک لائبریریز کی تعمیر کیلئے اے ڈی پی میں فنڈز مختص کئے جا چکے ہیں۔ علاوہ ازیں صوبے کے باقی اضلاع میں بھی مرحلہ وار پبلک لائبریریز قائم کی جائیں گی۔

68۔ <u>مفتی کفایت اللہ</u>: کیا وزیر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا ضلع مانسہرہ میں بوائز و گرلز سکولوں میں بعض آسامیاں خالی پڑی ہیں;
(ب) مذکورہ ضلع کے پرائمری، مڈل، ہائر سیکنڈری بوائز اور گرلز سکولوں کی تفصیل اور ان سکولوں میں کون کونسی آسامیاں کہاں کہاں خالی ہیں، صوبائی حلقے کے اعتبار سے ہر حلقے کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے;
(ج) حکومت نے عرصہ دراز سے خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں، نیز اس سلسلے میں ہونے والی خط و کتابت کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم): (الف) درست ہے۔

(ب) خالی آسامیوں کی سکول وائز تفصیل ایوان میں پیش کی گئی۔

(ج) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ موجودہ حکومت صوبہ بھر میں تمام تعلیمی داروں میں ٹیچنگ سٹاف کی کمی کو پورا کرنے کیلئے حتی الوسع کوشش کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں تمام EDOs (E&SE) کو صوبائی وزیر صاحب (ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن) وقتاً فوقتاً ہدایات دیتے رہتے ہیں کہ تمام خالی پوسٹوں کو جلد از جلد مشتہر کیا کریں تاکہ معصوم بچوں کا مستقبل تباہ نہ ہو جائے۔

موجودہ حکومت نے مورخہ 24-01-11 کو 138 ایس ای ٹیز کو BPS-17 ریگولر ہیڈ ماسٹرز میں ترقی دی ہے۔

چودہ پرنسپلز کو مورخہ 10-02-11 کو BPS-19 میں ترقی دی گئی ہے۔

132 ہیڈ ماسٹرز / ایس ایس کو BPS-18 میں ترقی دینے کیلئے مورخہ 28-02-11 کو PSB کی میٹنگ ہو چکی ہے اور عنقریب حکمنامہ جاری ہونے کی توقع ہے۔

ایس ای ٹی اساتذہ کی تقرری کیلئے پبلک سروس کمیشن خیبر پختونخوا کے ذریعے بھی انٹرویوز شروع ہیں اور انشاء اللہ ایس ای ٹی کی خالی آسامیاں پر ہو جائیں گی۔

ان کے علاوہ صوبہ بھر میں ضلعی سطح پر وقتاً فوقتاً اساتذہ کی تقرری ہوتی رہتی ہے۔ صوبہ بھر میں عنقریب انشاء اللہ خالی آسامیوں پر اساتذہ کی تعیناتی ہو جائے گی اور معصوم بچوں کا مستقبل تابناک ہو گا۔

30۔ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا محکمہ تعلیم ضلع مانسہرہ میں مختلف کیڈرز کی خالی آسامیوں پر تعیناتی کیلئے جنوری 2008ء کو اشتہار دیا تھا جبکہ مذکورہ آسامیوں کیلئے تحریری ٹیسٹ 21-02-2008 اور انٹرویو 24-02-2008 کو لیا گیا تھا؛

(ب) آیا تحریری ٹیسٹ انٹرویو کی بنیاد پر CT, DM, PET, PST کی تعیناتی ہو گئی تھی جبکہ AT, TT اور قاری پوسٹ پر کوئی تعیناتی نہیں ہو سکی؛

(ج) AT, TT اور قاری کے پوسٹوں پر تعیناتی کی تاریخ میں اتنی تاخیر کیوں ہوئی ہے جس کی وجہ سے طلباء وطالبات کا تعلیمی نقصان ہوا ہے؛

(د) AT, TT اور قاری پوسٹ کی کتنی آسامیاں (مردانہ وزنانہ) خالی پڑی ہیں اور مذکورہ خالی آسامیوں پر کب تک تعیناتی کا امکان ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم)</u>: (الف) محکمہ تعلیم ضلع مانسہرہ نے مختلف کیڈرز کی خالی آسامیوں پر تعیناتی کیلئے 30-08-08 کو اشتہار دیا تھا جن کیلئے تحریری امتحان 13-10-08 تا 16-10-08 لیا گیا اور انٹرویو 25-10-08 تا 28-10-08 لیا گیا۔

(ب) یہ درست ہے کہ تحریری ٹیسٹ / انٹرویو کی بنیاد پر CT, MD, PET, PST کی تعیناتی ہو گئی تھی جبکہ TT, AT اور قاری پوسٹ پر بھی تعیناتی جلد کر دی جائے گی۔

(ج) جواب جز(ب) میں دیا گیا ہے۔

(د) AT, TT اور قاری پوسٹ (مردانہ وزنانہ) مندرجہ ذیل تعداد میں خالی ہیں:

	TT	AT	قاری
مردانہ	14	12	01
زنانہ	09	14	08

مذکورہ خالی پوسٹوں پر تعیناتی جلد ہی کر دی جائے گی۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر</u>: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں حاجی قلندر خان لودھی صاحب، جناب ڈاکٹر ذاکر اللہ صاحب، جناب سید مرید کاظم شاہ صاحب، وجیہہ الزمان صاحب، انور خان صاحب، ثناء اللہ خان میانخیل صاحب، شگفتہ ملک صاحبہ، شازیہ طہماس اور جناب مفتی کفایت اللہ

صاحب نے 22-03-2011 یعنی آج کیلئے رخصت طلب کی ہے تو Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

(شور)

جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ حکومت وقتاً فوقتاً ملک میں مردم شماری کا انعقاد کرتی ہے جو کہ بعدازاں مختلف مراحل میں وسائل کی برابری کی سطح پر تقسیم اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے کارآمد و معاون ثابت ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں ڈائریکٹر جنرل مردم شماری کی طرف سے ایک مراسلہ اسمبلی سیکرٹریٹ کو موصول ہوا ہے جس میں مردم شماری و خانہ شماری کے ضمن میں تمام معزز ممبران اسمبلی کو حکومت کی طرف سے کئے گئے اقدامات اور ان کے ساتھ مشاورت کی غرض سے ایک بریفنگ کے انعقاد کی درخواست کی گئی تھی جو پہلے ہی آپ ممبران اسمبلی کو ارسال کی جاچکی ہے۔ آپ تمام معزز اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 24 مارچ 2011ء کو صبح دس بجے صوبائی اسمبلی کے پرانے ہال میں بریفنگ کا انعقاد کیا جائے گا، لہذا گزارش ہے کہ اسمبلی اجلاس کے پیش نظر آپ تمام ممبران اسمبلی مقررہ وقت پر یعنی صبح سویرے، دس بجے سویرے نہیں ہوتا، کافی لیٹ ہوتا ہے لیکن دس بجے ضرور آئیں، بریفنگ میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں تاکہ اسمبلی اجلاس گیارہ بجے تک شروع کیا جاسکے۔

(شور)

جناب سپیکر: دا جی، دا دے Census بریفنگ له به خامخا راځئ، دا دے صوبے مفاد کبنبے دے او دا ډیر ضروری دے۔

(شور)

دعائے مغفرت

جناب سپیکر: یہ مفتی صاحب، مفتی جانان صاحب! یہ سوات کے رشاد خان کی طرف سے اور فضل اللہ صاحب، جناب آنریبل فضل اللہ صاحب کی طرف سے دعا کیلئے درخواست آئی ہے کہ کوئٹہ کی کان میں ہلاک شدہ افراد میں چالیس کا تعلق شانگلہ سے ہے اور سوات سے ہے، ٹوٹل سوات سے ہیں، ان کیلئے

مغفرت کی دعا بھی آپ پڑھیں اور ہمارے معزز رکن غلام محمد صاحب، غلام محمد صاحب کی والدہ فوت ہو چکی ہیں تو ان کیلئے بھی دعائے مغفرت فرمائیں۔ جناب مفتی جانان صاحب۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کیلئے دعائے مغفرت کی گئی)

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: جناب سپیکر۔

(شور)

جناب سپیکر: حبیب الرحمان تنولی صاحب۔

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: اودریږه چه ایجنډا ختمه شی کنه. ستاسو پوائنټ آف آرډر خو یو هم پوائنټ آف آرډر نه جوړیږی خو یو ایشو وی، تاسو پرے خبرے کول غواړئ خو چه وخت وی نو بیا به هغه، چه ایجنډا ختمه شی۔

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: اودریږه بی بی، دا دوه آئتمه دی چه دا اوشی۔

تحاریک استحقاق

جناب سپیکر: تنولی صاحب۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان میں تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں کہ مورخہ 24-02-11 بوقت ساڑھے نو بجے میں نے ڈاکٹر احسان ترابی، پراونشل کوآرڈینیٹر برائے نیشنل پروگرام برائے خاندانی منصوبہ بندی محکمہ صحت کو فون نمبر 03009392552 پر فون کیا کہ میرے حلقے میں ایک یونٹ ایل ایچ ایس ڈرائیور کی عدم موجودگی کی وجہ سے کام نہیں کرتا اور پبلک کو Suffer کرنا پڑتا ہے اور ایک ڈرائیور جو ای ڈی او دفتر مانسہرہ سے Recommend ہوا ہے، اس کا آرڈر ہو۔ میں نے اپنا تعارف کرایا مگر موصوف نے انتہائی نااہلی کا ثبوت، مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ میں نہ تو پبلک کا نوکر ہوں اور نہ ہی ایم پی اے کا اور فون بند کر دیا، یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے اور میں کمیٹی میں

اس کا ریکارڈ پیش کر دونگا۔ موصوف کے اس طرز عمل سے میرا اور اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، میری گزارش ہے کہ میری تحریک کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میری درخواست ہے کہ معزز وزیر صاحب اس وقت موجود نہیں ہیں، اگر اس کو آپ پینڈنگ کر لیں۔۔۔۔۔

محترمہ شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر صاحب!

الحاج حبیب الرحمان تنولی: اس کو Put کریں جی، اس کو Put کریں۔

جناب سپیکر: دو معزز اراکین کھڑے ہیں، پہلے ان سے جی۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: معزز وزیر صاحب اس وقت ہاؤس میں موجود نہیں ہیں اور جواب۔۔۔۔۔

الحاج حبیب الرحمان تنولی: نہیں، Concerned Minister سے اس کا، بات یہ ہے کہ میری تحریک پر تو وہ اس وقت جواب دیں گے جب کمیٹی میں آئے گی تو میری گزارش یہ ہے کہ اس کو ہاؤس کو Put کریں جی۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی میاں صاحب! تاسو څه وایئ؟

(شور)

الحاج حبیب الرحمان تنولی: نہیں، جواب کی بات نہیں ہے جی، میں تو تحریک استحقاق کی بات کرتا ہوں۔ اس میں کیا جواب ہوتا ہے جی؟ اس کو Put up کریں جی۔

جناب سپیکر: نه اودریږه جی چه گورنمنټ څه جواب ورکړی، تاسو میاں صاحب څه؟ (مداخلت) نه دا خو څه خبره نه ده چه دا کال اټینشن او د اسمبلئ بزنس راشی او منسټر صاحب غیر حاضر وی۔

وزیر اطلاعات: دا سے ده جی، چه۔۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر کی پھر کب ایشورنس ہے کہ وہ آ کے ادھر بیٹھے گا؟

وزیر اطلاعات: چونکه فوډ منسټر صاحب ریکویسټ اوکړو خو هغوی منی نه، نو بنه خبره دا ده چه منسټر صاحب خو شته نه او که دوئ انتظار نه کوی نو استحقاق کمیټئ ته د لاړ شی او هغے کښے، مطلب دا دے چه معلومات اوشی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the privilege motion moved by the honourable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The privilege motion is referred to the concerned Committee.

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: ایک منٹ بی بی، ایک منٹ۔ آپ دیکھیں، ہاؤس کو چلانے کا ایک طریقہ ہوتا ہے، آپ تین سال سے ادھر بیٹھے ہیں، آپ لوگ ابھی تک طریقہ نہیں سیکھ چکے ہیں۔ یہ آپ کے رولز بنائے ہوئے ہیں، جب تک یہ اسمبلی بزنس ختم نہیں ہو گی، ان معزز اراکین کا حق ہے، میرا نہیں ہے، معزز اراکین کا ہے، پہلے ان کو نمٹانے دیں، انہوں نے بڑی محنت کی ہے، ڈیپارٹمنٹس نے جواب دیئے ہیں، پہلے ان کا حق ہے۔ جن معزز اراکین کا پینڈنگ بزنس ہے پہلے ان کا حق ہے بعد میں آپ کا بنتا ہے۔

Saqibullah Khan, to please move his privilege motion in the House.

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی۔ جناب سپیکر صاحب، ستاسو په اجازت سره به یو دوه منټه اخلمه جی او ریکویسټ به دا وی ستاسو په وساطت سره او دے خپل ممبرانو ته به هم دا ریکویسټ اوکړم چه لږ ما ته د ټائم راکړی ځکه چه دا خبره ډیره ضروری ده۔ دا زمونږ په دے صوبے کښے د لاء اینډ آرډر یو مسئله چه جوړه ده، په هغے کښے د دے یو اهم کردار دے۔ جناب سپیکر صاحب، زما حلقه کښے څه سفید پوش دی، د هغوی خپل جائیداد دے جی، هغه ئے څه وخت یو این ایچ سی آر له او افغان ریفیوجیز له ورکړے وو د سکول جوړولو د پاره او هغے کښے سکول Establish شو او چه سکول Establish شو جی نو دا سړے په سعودی عرب کښے، بهر ملک کښے وو۔ 2001ء کښے چه هغه راغلو نو دوئ ورته اووئیل چه مونږ به تاسو ته تنخواه، دغه درکوؤ کرایه، هغه چه راغلو نو 2001ء پورے یو کس هم ورته کرایه نه وه ورکړے، هغه لاړو او ورته ئے اووئیل چه یره جی یا زمونږ کرایه راکړئ او چه کرایه نه شئ راکولے نو بیا رانه زمکه واخلئ او که زمکه نه شئ راکولے نو دا شے د دے ځائے نه اخوا کړئ۔ دا درے هغه اوکړل او په هغے باندے یو له به تلو او بل له به تلو او هغوی به ورته وئیل چه یره دا زمونږ کار نه دے، دهٔ له ورشه او دهٔ له ورشه خو چه کله نه سکول جوړ دے

نو هغه ته کرایه هم نه ده ملاؤ شوے ، نه ترے چا زمکه واغسته او نه هغه ته څه بله زمکه خالی شوه۔ سر، سیلابونه راغلل او په هغے کښے هغه سکول هم Damage شو، دوئ بیا خپلے هلے ځلے شروع کړے ، ما ته راغلل سر، ما Concerned کسانو سره خبرے اوکړے۔ دوئ یو ځائے ته او بل ځائے ته ټولو ته لاړل او هر چا ورته اووئیل چه زمونږ کار نه دے۔ یو این ایچ سی آر کښے یو کس وو او هغه ورته اووئیل چه دیکښے لږ غوندے تاسو خپله قبضه واخلئ، دا خو ستاسو خپل ځائے دے نو خپله به د هر چا کار پیدا شی۔ ما سر، د دهٔ فائل واغستو او ایس ایچ او صاحب څوکنو ته مے ټیلیفون اوکړو چه ایس ایچ او صاحب! دا د دوئ مسئله ده، دوئ درلیږم، سفید پوشه دی او دا حل کړئ۔ حل نه شوه جی، سبا باندے هغوی دغه خپل ګیټ مات کړو چه دا زمونږ ځائے دے ، نه کرایه تاسو د دومره کلونو راسے ، د شل دیرش کالو نه مونږه لګیا یو نه راکوئ۔ ایس ایچ او صاحب له مهاجر لاړل جی، هغه د هغوی په وینا باندے څلور دفعے په خپل جائیداد کښے په هغه کسانو باندے واغستے۔ خلق دا وائی چه پیسے ئے واغستے ، زهٔ دا نه وایم، د هغے وجه دا ده چه ما سره ثبوت نشته۔ As justice of peace چه کوم دے حکومت او ما ته زما خپل پریویلج د (e) 9 مطابق راکړے دے نو هغوی ته ما اووئیل چه څه انصاف اوکړئ۔ هغه کسانو ما ته بار بار دا وئیل چه سر، مونږ ته مسئله جوړوی لګیا دی او زمونږه په دهٔ باندے اعتبار نشته خو مونږه بیا هم اووئیل چه نه تهانړے ته لاړ شه، مونږه ټیلیفون کړے دے۔ هغوی لاړل خپل بی بی اے ئے اوکړو، بی بی اے ئے اوکړو چه مونږ باندے دا دغه دے ، دا زمونږه کاغذونه دی، دا زمونږه دے او سر، تاسو ته پته ده چه کورټ کله بی بی اے ورکوی او خاصکر په دغه څیزونو کښے نو هغه مخکښے ټول خپل جانچ پړتال کوی او بیا ډائریکشن د هغے سړی په دغه کوی نو Contempt خو پهلا خبره ده، دوئ بی بی اے چه اوکړو نو بیا ما تهانړے ته ټیلیفون اوکړو چه یره بی بی اے مو کړے دے ، هغه کسان درلیږو او مهربانی اوکړئ دا مسئله حل کړئ۔ سپیکر صاحب، چه ورغلل ورله نو ایس ایچ او صاحب هغه کسان اووهل او بنه ئے اووهل چه هغه د علاقے مشران دی، سپین ګیری دی، سفید پوشه خلق دی، په خپل جائیداد باندے ئے وهل اوخوړل نو ما ته راغلل او په ډکه حجره کښے ئے

ژړل، په ډکه حجره کښې ئې ژړل۔ بی بی اے شوے وه، زما هغوی ته دا هم مشوره وه چه لاړ شئ Contempt of court باندے۔ As the justice of peace هغه کاغذونه مونږ له تاسو سر، راکوئ، د دے ایوان ممبرانو له ورکوئ، دا گورنمنټ نوټیفیکیشنز چه دی، دا پریویلجز دی، د دے څه مطلب دے؟ مونږه د طالبانائزیشن خبره کوؤ، زما مشر میاں صاحب اوس هم خبره اوکړه چه دا پیسے ځی د طالبانائزیشن د پاره، نو چه د تهانړے نه خلق یریږی، پولیس نه خلق یریږی، چه سفید پوش خپل جائیداد باندے، چه سپین گیری خپل جائیداد باندے دغه ته نه شی تلے، (تالیاں) تهانړے ته او د بی بی اے د پاسه هم هغوی وهل خوری، طالبانائزیشن به کیږی که نه به کیږی؟ دے نه مخکښے هم، شپږ میاشتے مخکښے دا خبره د اسمبلئ د کولو نه ده جی، هر یو سړے دلته دا د پښتنو وطن دے، شپږ میاشتے مخکښے زمونږه د یو حلقے نه یو کس، یو سړی، د بوډا سړی نه، د غریب سړی نه ما شومه اوتختوله، ایف آئی آر ئے نه کولو، ما ورته اووئیل ایف آئی آر اوکړئ، اوشو جی۔ شپږ میاشتے هغه کسان د یو بل نه، غریب خلق وو، د شپے ئے ځکه بوتلے وه چه په دیکښے د یو کس هم د سحر نوکری نه وه، د ټولو د شپے نوکریانے وے، خپل کس ئے راپاڅیدو او هغه ئے بوتله۔ شپږ میاشتے هغوی گرځیدلُ نو په اخر کښے ئے په پنجاب کښے پیدا کړه، چه پنجاب کښے ئے پیدا کړه، بیا ئے چه راوسته نو بیا هغه ورځ شپږ میاشتے پس، هغه دروغ وئیلی وو، شپږ میاشتے پس ئے بیا دغه کړو۔ جناب سپیکر صاحب، دا ایوان دے، نن فیصله اوکړئ چه دا خالی زمونږه پریویلج دے، دا Justice of peace، دا پریویلج ایکټ د څه د پاره دے، دا پولیس څه د پاره دے؟ دا پولیس د دے د پاره دے چه د سپین گیرو، د سفید پوشو په خپل جائیداد باندے به خلق وهل خوری، دا طالبانائزیشن به نه زیاتیږی؟ جناب سپیکر صاحب، دا خالی زما نه چه نن دے ایوان کښے څومره کسان دی، د دے پاکستان څومره کسان دی، دا د پولیس د دهشتگردئ خلاف، دا د ټولو نن Privilege breach شوے دے۔ زما به ریکویسټ وی چه دا د کمیټئ ته هم لاړ شی، دا مختیار خان به یوه خبره کوی جی زمونږه په سپورټ کښے، زهٔ به ریکویسټ کوم چه میاں صاحب د هغوی خبره لږه واوری۔ دا سړے جی ټرانسفر هم پکار دے چه دے کیس باندے اوس اثرانداز نه

شی۔ زۂ خو به دا ریکویسټ کوم چه سسپنشن ئے اوشی خو بیا هم نن بدقسمتی دا ده چه پولیس والا د قانون خیال نه کوی خو زۂ دلته ناست یم، زۂ دا نه شم وئیلے چه سسپنشن د بغیر د اوریدو اوشی خو ټرانسفر خامخا زۂ غواړمه ځکه چه سبا دا کیس، خپل جائیداد باندے، په هغه فائل باندے ئے لیکلی دی، ما د بی بی اے نه مخکښے لیږلے، د هغے نه پس هم لیږلے او دا حال وی۔ بل جی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اودریږئ جی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: بل جی زۂ به ریکویسټ کوم چه میاں صاحب! ټهیک به ټائم راکوئ۔

جناب سپیکر: ثاقب اللّٰه خان! د ګورنمنټ مؤقف خو واورو جی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر! مؤقف اورئ خو مخکښے لږ د مختیار خان خبره هم واورئ، بیا هم تاسو اوکړئ چه دے سړی مخکښے هم دا کار کړے دے۔ ډیره مهربانی سر۔

جناب سپیکر: مختیار خان! خو مختصر جی۔

جناب مختیار علی ایڈوکیٹ: ډیره شکریه۔ سپیکرصاحب! ثاقب خان خو ډیر زیات په تفصیل سره خبره اوکړه جی، د کوم ایس ایچ او باره کښے چه دوئ خبره کوی، دے د دے نه وړاندے په دے متهرا تهانړه کښے وو جی، د شپے زمونږه یو ملګرے وو جی، سره د دے چه زمونږه نور مشران ملګری هم وو، مونږه ورته دغه، ډیر زیات ریکویسټ اوکړو خو هغه په هغه شپه باندے زمونږ یو ملګرے جی دومره زیات وهلے وو چه په حوالات کښے بے هوشه پروت وو او د هغے په دغه کښے بیا دے دے تهانړے ته ټرانسفر شو جی، دے ځوکنو تهانړے ته ټرانسفر شو، تاسو ئے غالباً جی پیژنئ۔ زۂ دا وایم جی چه د ثاقب خان دا خبره چه ده، دا دغه ده او پکار دا ده جی۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: جی میاں افتحار صاحب، میاں افتحارصاحب۔ د ګورنمنټ نه جواب واورو نو جی۔۔۔۔۔

(شور)

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر! زۀ یوه خبره کول غواړم۔

وزیر اطلاعات: بالکل جی، زۀ خبره اوکړم، دوئ د بیا خیر دے اوکړی جی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: دا میاں صاحب خبره کوی خو ما ته اجازت راکړئ چه دا پریویلج خو موؤ کړم، بیا د جواب راکړی۔

جناب سپیکر: هغه خو اوشو، بس موؤ شو۔ تاسو خو زبانی دومره اوږد موؤ کړو چه د دغے د وینا ضرورت پاتے نه شو۔

وزیر اطلاعات: په کاغذ کښے د لږ لیکلی دی او په وینا د ډیر اوکړو۔

جناب سپیکر: جی میاں صاحب، میاں افتخار صاحب۔

وزیر اطلاعات: سپیکر صاحب، زۀ یوه خبره چه د ثاقب صاحب دے خبرے له زۀ راشم، وضاحت ډیر لازم دے۔ داسے نه ده چه په یو محکمه کښے یا په یوه اداره کښے د یو کس رویه ټھیک نه وی نو گنی هغه ټول خلق ټھیک نه دی۔ دا ډیر مطلب دا دے چه عجیبه سچویشن وی چه سحر له به په دے هاؤس کښے یو ایم پی اے داسے کار اوکړی او خلق به وائی چه ټول پارلیمنټرینز ښه نه دی، دا مناسب خبره نه ده ځکه چه زمونږ پولیس دے وخت کښے دومره کلیدی کردار ادا کوی، که د یو سړی په وجه باندے مونږ د ټول پولیس دے انداز کښے خبره کوؤ نو د هغوی زړۀ هم ماتیږی ځکه چه دے وخت کښے چه څومره خلق، د خودکش دهماکو دا روک تهام چه دے ، دا ځکه دے چه پولیس خپل ځان الوځئ او قوم بچ کوی۔ زۀ د پولیس دغه قربانو ته سلام پیش کوم، ډیر په نره باندے ، که د چا زړۀ غواړی او که نه غواړی خو چه کومے قربانئ هغوی ورکوی او په پولیس کښے دی څوک؟ یا زما ورور یا زما پلار یا زما تربور یا مے ترۀ څه د آسمان نه راغلی خلق نه دی هم د دے معاشرے او د دے سوسائټئ خلق دی۔ ښه او خراب په هر ځائے کښے شته او چه دا کوم خبره دوئ د دغے واقعے کوی، په دے واقعه کښے چه کومه رویه ده، د هغه رویے په بنیاد چه دوئ کوم اظهار اوکړو، پریویلج بالکل جوړیږی هم او چه کمیټئ ته لاړ شی نو د دے خبرے به پته اولگی، هغه ته به هم حق ملاؤ شی، هغه به هم خلق واوری او دوئ به هم خپل مؤقف بیان کړی او د مؤقف په بنیاد باندے چه څومره هم مطلب دے د هغے خبرے وضاحت

کیدے شی، که هغه په حقه وی نو هم به خلقو ته پته اولګی او چه په ناحقه وی نو د هغے برابر به سزا هم ورته ملاؤ شی۔ بالکل زهٔ د هغے مخالفت نه کوم، پریویلج موشن جوړیږی هم، پریویلج کمیټئ ته د لاړ شی خو ورسره ورسره زهٔ دا خبره ضرور کوم چه د دے موقعے په مناسبت د یوے ادارے د یو کس په بنیاد ټولے ادارے ته خبره کول نه غواړی، نن پولیس د مخکښے په نسبت ډیر ښه شوے دے، ډیر Efficiency ئے ده، ډیر چه کوم دے د هغوی تعداد سیوا دے، په ډیر سخت وخت کښے مقابله کوی نو که زمونږ د ذمه وار فورم نه داسے خبره لاړه شی نو د یو سړی د بچ کیدو د پاره که مونږ د ټول ډیپارټمنټ حوصلے ختموؤ نو دا مناسب خبره نه ده۔ زهٔ به یو ځل بیا د پولیس د دے موجوده صورتحال مطابق کردار ته سلام پیش کوم او چه په دیکښے کوم خلق خراب دی او د پولیس دا ښه کردار د هغوی په وجه خرابیږی نو د هغوی روک تهام پکار دے۔ دغه رنګ چه په هر ځائے کښے خراب خلق دی، د هغه خرابو خلقو روک تهام پکار دے او بالکل چه کوم دے دا د پریولیج کمیټئ ته لاړ شی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب!

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: نه بس اوس خو ګورنمنټ، پریولیج موشن دے، دا خو هغوی Accept کړو کنه۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب!

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the privilege motion moved by the honourable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: ‘Ayes’ have it. The privilege is referred to the concerned Committee. ‘Adjournment Motions’: Mufti Kifayatullah Sahib, Mufti Kifayatullah Sahib. Not present, it lapses. Next Janab Abdul Akbar Khan Sahib.

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو جناب سپیکر، لیکن میری درخواست ہو گی کہ اگر آپ اس کو پینڈنگ کریں، Concerned منسٹر صاحب نہیں ہیں اور یہ ٹیکنیکل مسئلہ ہے تو اگر آپ اس کو پینڈنگ کر لیں۔

Mr. Speaker: It is kept pending.
Mr. Abdul Akbar Khan: Thank you.

محترمہ شازیہ اورنگزیب خان: پوائنٹ آف آرڈر، سر!

جناب سپیکر: بی بی، بالکل درکومہ، لږ صبر اوکړه چه دا ایجنډا ختمه شی۔

محترمہ شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر! یہ میرا بہت ہی اہم پوائنٹ آف آرڈر ہے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: 'Call Attention Notices': Mr. Javed Iqbal Tarakai…

محترمہ شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: بی بی، ستا بالکل حق دے، لږ صبر اوکړه جی۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: 'Call Attention Notices': Javed Iqbal Tarakai. Not present, it lapses. Munawar Sultana Bibi. Ji Bibi, call attention notice No. 508.

محترمہ منور سلطانہ: هغه جی زهٔ د قرارداد په شکل کښے راولم، ما واپس کړو جی، ما With draw کړو۔

Mr. Speaker: Okay, تهیک شوه جی. Akram Khan Durani Sahib, to please move his call attention notice No. 512 in the House.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): محترم سپیکر صاحب، آپ کا شکریہ۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ صوبہ بھر میں اور خصوصاً بنوں میں Loading / Unloading کا جو ظالمانہ ٹیکس لگایا گیا ہے، وہ ظلم کی انتہا ہے کیونکہ یہ ٹیکس صرف ہمارے صوبے میں ہے جبکہ باقی صوبوں میں اس ٹیکس کا نفاذ نہیں ہے۔ یہ ٹیکس ناقابل برداشت ہے کیونکہ غریب لوگ پہلے ہی ٹیکسوں کے نیچے دبے ہوئے ہیں اور خاصکر ضلع بنوں کے ساتھ نہایت ناروا سلوک اختیار کیا گیا ہے۔ بنوں میں جو ٹیکس لگایا گیا ہے، وہ بغیر ٹینڈر کے لگایا گیا اور لوٹ مار شروع ہے جس کی وجہ سے بنوں کے عوام اور پورے صوبے کے عوام میں مایوسی پھیل گئی ہے۔ محترم سپیکر صاحب، ابھی چونکہ ہمارے صوبے میں معیشت مکمل طور پر تباہ ہے، تاجر برادری بالکل، مکمل ہمارے دوکاندار بیٹھ گئے ہیں اور ٹرانسپورٹ کا بھی یہی حال ہے اور اسی وجہ سے ہم ہمیشہ یہی گزارش کرتے ہیں کہ جو ٹیکسز پہلے سے لگائے گئے ہیں اس صوبے کے عوام پر تو مہربانی کر کے اس میں نرمی لائیں اور جو لگائے ہوئے ٹیکسز ہیں، ان کو بھی معاف کیا جائے۔ فیڈرل گورنمنٹ نے بھی ابھی جو فلڈ ٹیکس لگایا ہے تو اس میں ہمارے صوبے کو مستثنیٰ کیا ہے اور

عجیب سی بات ہے کہ یہاں پر بجٹ اجلاس میں بھی پوری قوم کو یہ تسلی دی گئی، اس معزز ایوان کے ممبران اسمبلی کو تسلی دی گئی کہ اس دور میں چونکہ یہاں پر بہت سی تکالیف سے لوگ وابستہ ہیں، انڈسٹریز بالکل بیٹھ گئی ہیں، کاروبار نہیں ہے، لوگ بے روزگار ہیں، لوگ نقل مکانی پر مجبور ہیں اور اس ہاؤس میں گورنمنٹ نے واضح انداز میں بجٹ تقریر میں یہ کہا کہ ہم کوئی نیا ٹیکس نہیں لگائینگے۔ ابھی مجھے عجیب سا لگ رہا ہے کہ یہ ٹیکس چارسدہ میں نہیں ہے، پشاور میں غالباً ہے کہ نہیں ہے؟ پشاور میں ہے، لکی مروت میں ہے، کرک میں ہے، بنوں میں ہے اور عجیب سی بات ہے کہ پورا نظام ہے، کسی ضلع میں ہے اور کہیں پر نہیں ہے اور یہ وہ ٹیکس دوبارہ لگا رہے ہیں کہ یہاں پر سردار مہتاب عباسی صاحب وزیر اعلیٰ تھے اور اے این پی والے اس کے ساتھ گورنمنٹ میں شریک تھے اور چونگی کا جو ظالمانہ ٹیکس تھا اور غنڈے، ٹھیکیدار لوگوں کو گیارہ گنا جرمانہ کرتے تھے، اس ٹیکس کو ختم کیا گیا اور اس کی بجائے سیلز ٹیکس نافذ کیا گیا۔ ابھی لوکل گورنمنٹ کا ڈیپارٹمنٹ جو نیا ٹیکس لگا رہا ہے، تو اس ایوان کو اعتماد میں نہیں لیا گیا ہے کہ اس صوبے کے عوام پر ہم کوئی ٹیکس لگا رہے ہیں اور حال یہ ہے کہ کل بھی مانسہرہ میں اسی اڈے اور اسی ٹیکس پہ ایک آدمی کو ٹھیکیداروں نے قتل کیا ہے جو کہ آج اخبارات میں خبر آئی ہے۔ تو اسی حوالے سے میری مؤدبانہ گزارش ہوگی آپ کے ذریعے حکومت سے کہ یہاں پر فی الفور وہ اٹھے اور اس ٹیکس کو مکمل طور پر اس صوبے سے ختم کرے ورنہ یہ ایک راستہ ہے۔ (تالیاں) اس گورنمنٹ کو میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اگر فیڈرل گورنمنٹ کو یہ معلوم ہوا کہ صوبائی گورنمنٹ ہم سے تو کہہ رہی ہے کہ ٹیکس نہ لگائیں اور وہ خود اپنے لوگوں پر نئے ٹیکس لگا رہی ہے تو وہ دروازہ جو وفاقی حکومت سے ابھی بند ہے، وہ بھی کھل جائے گا اور عجیب سی بات ہے کہ بنوں میں جو ٹیکس لگایا گیا Load / unload کا تو ایک آدمی کو بغیر ٹینڈر کے تین لاکھ روپے پہ دیا گیا اور اس کے Against پھر لوگ کورٹ گئے ہیں اور انہوں نے کہا کہ ہم دس لاکھ روپے دینے کو تیار ہیں اور پھر سیشن جج نے فیصلہ کیا کہ یہ دس لاکھ اگر دیتے ہیں تو آپ لوگ اس کو کیوں بغیر ٹینڈر کے ایک آدمی کو نواز رہے ہیں؟ تو میری خاصکر صوبائی حکومت سے یہی درخواست ہوگی کہ اسی فلور پر وہ اعلان کرے، میرے خیال میں ہمارے چیف منسٹر صاحب کو بھی اعتماد میں نہیں لیا گیا ہے ورنہ یہ صرف ٹی ایم او وہاں پر لکھتے ہیں اور پھر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اس کی Approval دیتا ہے، تو میری بڑے ادب سے گزارش ہوگی کہ اس صوبے کے عوام کو مزید ٹیکسوں سے بچایا جائے اور جس ضلع سے بھی جتنا ٹیکس لیا گیا ہے، خدا کیلئے ان لوگوں کو واپس کیا جائے۔ ابھی ایک ٹرک وہاں پر آ رہا ہے، اس سے

بھی وہ لے رہے ہیں اور جو ٹرک باہر نکل رہا ہے تو اس سے بھی لے رہے ہیں، میرے خیال میں اس وقت اس کیلئے لوگ تیار نہیں ہیں اور حال یہ ہے کہ مایوسی سی پھیل رہی ہے اور لوگوں میں عدم تحفظ اور ایک عجیب سا رجحان ہے تو آپ کی وساطت سے میں گورنمنٹ سے بڑے ادب کیسا تھ، میاں صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ اس ظالمانہ ٹیکس کو ختم کریں، اس کا نہ کوئی جواز ہے اور یہ بدمعاشوں اور غنڈوں کیلئے ایک اڈہ ہی بن رہا ہے، اس میں لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو کوئی فائدہ نہیں ہے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: کال اٹینشن پر ڈیبیٹ نہیں ہو سکتی جی، اسکے بعد، اسکے بعد، پہلے گورنمنٹ سے، کال اٹینشن پر ڈیبیٹ نہیں ہو سکتی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: نہیں، یہ آپ بی بی، آپ سب بیٹھ جائیں، کال اٹینشن، آپ کے رولز بنے ہوئے ہیں، آپ لوگوں نے بنائے ہیں، میں نے تو نہیں بنائے، یہ کتاب آپ نے بنائی ہے اور اس کے مطابق چلنا پڑے گا، پہلے ان سے پوچھ لیتے ہیں۔ میاں صاحب! یہ ظالمانہ ٹیکس کیوں لگایا ہے؟

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): زۂ جی د ټولو نه اول خو د اکرم درانی صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: مجھ سے بھی کامران خان بنادیا آپ لوگوں نے جی۔

وزیر اطلاعات: د اکرم درانی صاحب مشکور یو چه دومره اهم مسئلے ته ئے زمونږه توجه راګرځولے ده او ډیر افسوس کومه چه د لوکل باډیز یو نمائنده هم دلته نشته دے ځکه چه دا د اسمبلئ کارروائی ده او دا د ټولو په علم کښے وی۔ زۂ نه یم خبر چه ولے به دا خلق چه کوم دے، د هغے محکمے خلق دلته موجود نه وی ځکه چه زۂ خپل ځانی د دے تپوس د پاره لاړمه خو ما ته دا سے سړے ملاؤ نه شو چه ګڼنی هغه سره دغلته د ډیپارټمنټ سړے وی او هغه ته څه معلومات وی۔ دا ځکه زۂ وایمه چه د حکومت په حیثیت چه د لوکل باډیز کوم خلق دی، هغه راغلی نه دی، د دے تپوس به مونږ کوؤ ځکه چه زمونږ ذمه واری ده خو د اسمبلئ د طرف نه پکار ده چه دا انسټرکشنز ضرور راشی چه کوم بزنس وی او د کوم ډیپارټمنټ سره تعلق لری نو هغه خلق ولے دلته موجود نه دی؟ دا خو ډیره د

افسوس خبره ده، د وزیر صاحب به کار وی، وزیر صاحب به پخپله موجود نه وی نو ټول ډیپارټمنټ به غیب وی؟ که مونږ Collectively ذمه وار یو نو په دے بنیاد ذمه وار یو چه دوئ به مونږ ته انفارمیشن راکوی نو د هغے په رنړا کښے به جواب ورکوؤ۔ زۀ ځکه په فلور باندے دا خبره کول غواړم چه د هغوی ډیپارټمنټ ته دا خبره هم په دے انداز کښے د اسمبلئ د طرف نه اورسولے شی چه دا غفلت دے او د دے غفلت ارتکاب بیا د پاره پکار نه دے او د دے موجوده وخت دے د هغوی نه باقاعده تپوس اوشی۔ جناب سپیکر صاحب، چه نورو ضلعو کښے یو ټیکس نه وی او په یو مخصوص ضلع کښے وی یقیناً چه زمونږ کوشش دا دے چه په ټوله صوبه کښے د یکسانیت وی، دا نه شی کیدے چه د خپلے مرضئ او د خپل خواهش مطابق به خلق ټیکس لګوی۔ چونکه زۀ نیغ په نیغه د دے خبرے سره چه معلومات را سره په هغه شکل کښے د ډیپارټمنټ نشته خو دا Surety زۀ درانی صاحب له ضرور ورکوم چه نورو ضلعو کښے نه وی او د یکسانیت د راوستو د پاره بالکل چه تاسو وایئ چه دا ظالمانه ټیکس دے او په نورو ضلعو کښے نشته نو د دے د ختمیدو د پاره به مونږه پوره کوشش کوؤ او زۀ د فلور په دغه باندے Commitment کوم چه ډیپارټمنټ سره به کښینم او چه څومره هم زما نه کیدے شی نو زۀ به د اکرم درانی صاحب د دے فریاد چه دوئ اوکړو چه پبلک ته تکلیف دے او د پبلک د طرف نه چه کوم دے دا یوه غلطه خبره شوے ده چه هغوی باندے ظالمانه ټیکس لګولے شوے دے، د دے د لرے کیدو به مونږه پوره پوره کوشش کوؤ۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، میرے خیال میں چونکہ سارے ممبران اس پر بولنا چاہتے ہیں، اگر آپ مہربانی کرکے اس کال اٹینشن نوٹس کو ایڈجرنمنٹ موشن میں Convert کرکے اس کو ایڈمٹ کرالیں تو اس پر جو بھی بولنا چاہے، پھر اس وقت منسٹر صاحب جواب بھی حاصل کرلینگے۔

<u>جناب سپیکر</u>: آپ کی مرضی ہے جی۔ پیر صاحب! یہ تو ہاؤس کی مرضی ہے، آپ جس طرح کہیں گے، اگر ہاؤس چاہے تو اس کو Convert کروں اس پر؟ اچھا اس کو آپ کی مرضی سے ہم ایڈجرنمنٹ موشن میں Convert کرتے ہیں اور جمعہ کے دن اس پر بحث ہوگی۔ ابھی میاں صاحب کی طرف سے جو یقین دہانی آئی ہے، وہ بھی کافی ہے لیکن تمام ایڈمنسٹریٹیو سیکرٹریز، ہم نے پہلے بھی ادھر سے پوری ہدایات ایشو کی تھیں

کہ اسمبلی کے سیشن سے،اس August House سے کوئی معزز ادارہ اور نہیں ہے۔ حکومت کی طرف سے چند وزراء صاحبان نے اس کی تھوڑی سی وہ کی تھی، ابھی اچھا ہے کہ میاں صاحب نے خود نشاندہی کی تو میں ابھی دوبارہ انسٹرکشنز ایشو کر رہا ہوں کہ سارے ایڈمنسٹریٹیو سیکرٹریز جب بھی اجلاس ہو رہا ہو تو وہ ادھر موجود رہیں گے، کوئی نہیں رہا تو پھر اس صوبے سے دوسرے صوبے میں وہ چلے جائیں۔ (تالیاں)

جی، شازیہ طہماش۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: اورنگزیب بی بی۔ جی، شازیہ بی بی، شازیہ اورنگزیب۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر! ادھر سے بھی بڑی نرمی سے اجازت مل گئی اور ادھر سے بھی ہنسی آ گئی، یہ کیا ہو رہا ہے سپیکر صاحب؟

Ms. Shazia Aurangzeb Khan: It is very sad to me, Speaker Sahib; (laughter), it is very sad, (laughter).

جناب سپیکر: جی بس بنہ دہ، ماحول لږ اوس بنہ کړئ بی بی۔

سید محمد صابر شاہ: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: پیر صاحب! تاسو کہ بیا وایئ نو پہ دے پسے جی۔ شازیہ اورنگزیب بی بی ډیر د وختی نہ دغہ کولو نو۔۔۔۔

سید محمد صابر شاہ: زۀ بہ لږہ خبرہ اوکړمہ۔

جناب سپیکر: نہ تاسو کېښینئ۔ (قہقہہ) ما وئیل تاسو خو، تاسو دے نہ پس جی۔

محترمہ شازیہ اورنگزیب خان: Thank you very much, Mr. Speaker۔ جناب سپیکر! میرا تو، میرا تو۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر! یو منٹ۔۔۔۔

جناب سپیکر: بیک سائډ تہ، ھغوی تہ چہ فلور ملاؤ شی، یو معزز رکن تہ فلور ملاؤ شی نو بیا بار بار پاخیدل، دا ستاسو عادت جوړ شو جی، Kindly دا عادت ختم کړہ۔ جی بی بی۔

محترمہ شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر! میں آپ کی نہایت مشکور ہوں کیونکہ میں صبح دس بجے سے ہاتھ اٹھا اٹھا کر تھک گئی ہوں۔ جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ ایک نہایت ہی Important واقعہ کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں جس کے اوپر اس ایوان کے سر جھک جائیں گے اور میرے خیال میں صوبائی حکومت جو ہے، وہ شرمندہ ہو کر پانی پانی ہو جائے گی۔ جناب سپیکر، یہ ضلع نوشہرہ کی بات ہے اور 20 مارچ کو وہاں پر سیلاب زدگان نہتے عوام سڑکوں پر نکلے، متاثرین نکلے اور ان کو Lead کیا ہماری پارٹی کے Candidate اختیار ولی خان نے اور سابق ناظم ذوالفقار باچا نے، لیکن افسوس کی بات ہے جناب سپیکر، کہ باچا خان کے پیروکار جو امن کے پیروکار اپنے آپ کو کہتے ہیں اور روٹی، کپڑا اور مکان کا نعرہ لگانے والے پیپلز پارٹی کی حکومت نے جناب سپیکر، ان نہتے عوام کے اوپر جو پولیس گردی کی تو ہمیں مشرف کے دور کی پولیس گردی کی وہ فلم Rewind ہو گئی۔ جناب سپیکر، میں بذات خود کل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں گئی اور میں نے وہاں پر ان افراد کو دیکھا جن کے اوپر تشدد کیا گیا اور افسوس کی بات ہے کہ وہ تھانہ کلچر دوبارہ سے زندہ ہو گیا جناب سپیکر، اور وہاں پر ان کو گرفتار کرنے کے بعد تھانے میں، شرم کی بات یہ ہے کہ ان کو تھانے میں ننگا کر کے ان کو سلاخوں سے مارا گیا ہے۔ جناب سپیکر، اختیار ولی خان کی انگلیوں کو توڑا گیا، ذوالفقار باچا کی ٹانگوں کو جناب سپیکر، اتنا مارا گیا کہ وہ کل کھڑا بھی نہ ہو سکا اور وہاں پر ان بیس افراد کو ننگا کیا گیا لوگوں کے سامنے اور ان کو سلاخوں سے مارا گیا، شرم کی بات ہے جناب سپیکر۔

آوازیں: شیم شیم۔

محترمہ شازیہ اورنگزیب خان: جناب سپیکر، میں آپ سے اپیل کرتی ہوں، ضلع نوشہرہ صرف بیس منٹ کی ڈرائیو پہ ہے، اسمبلی وہاں سے دور نہیں، چیف منسٹر ہاؤس وہاں سے دور نہیں اور یہاں ہماری پشاور کی جو ہائی کورٹ ہے، وہ اتنی دور نہیں جناب سپیکر، اسی عوام نے رول آف لاء اور عدلیہ کی بحالی کیلئے آواز اٹھائی تھی اور انہی سڑکوں پر وہ نکلے تھے۔ جناب سپیکر، میں آپ سے اپیل کرتی ہوں اس مقدس فلور سے کہ جناب سپیکر، اس پر ایک کمیٹی بنائی جائے، انکوائری بٹھائی جائے اور اگر اس میں کسی بھی پولیس کا آفیسر یا ہماری صوبائی حکومت کا اگر اس میں ہاتھ ہوں تو انکوائری کی جائے اور اس پر آپ ایک کمیٹی، ہمارے یہ جو ممبرز ہیں جناب سپیکر، یہاں پر ہماری پارٹی کے جو پارلیمنٹری لیڈرز ہیں، ہماری پارٹیز کے، اس میں سے آپ ایک کمیٹی Form کریں کہ اس کی تہہ میں جا کر اس کی انکوائری کی جائے۔ Thank you very much۔

جناب سپیکر: انشاء اللہ۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: پہلے حکومت کو سن لیں جی، ان کی طرف سے، پھر بعد میں۔ جی، میاں افتخار صاحب، میاں افتخار حسین صاحب۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب! ایسا ہے کہ جس طریقے سے شازیہ بی بی نے یہ بیان دیا اور ساتھ عوامی نیشنل پارٹی اور پیپلز پارٹی کے نام لئے تو ہم اس طرح اسلئے نہیں کریں گے کہ پنجاب میں بھی ان کی پارٹی کی حکومت ہے تو ہم ایسی غیر سیاسی انداز میں بات نہیں کریں گے کہ اس کا اس طریقے سے جواب دیں۔ اگر ایک ضلع میں واقعہ ہوا ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ پارٹیوں اور حکومتوں کو اس طریقے سے لتاڑا جائے، یہ بات کرنا بڑا آسان کام ہے اور اس کا جواب دینا اس سے بھی بڑا آسان ہے لیکن ہم چونکہ میاں نواز شریف صاحب اور مسلم لیگ (ن) کا احترام کرتے ہیں اور ہم کسی بھی سیاسی پارٹی کو اس انداز میں نہیں لتاڑتے کہ کسی اور کو فائدہ پہنچے کہ ایک واقعہ کو بیان کرتے ہوئے اس انداز میں بیان کیا جائے کہ پھر پارٹیوں کا چپقلش چلے، اگر میں جواب دینے پر آؤں تو اب یہی جواب دینگے تو مسئلہ تو ادھورا رہ جائے گا، لہذا یہاں پر مسئلہ اٹھانا ایک مہذب طریقے سے ہونا چاہیئے، میں اپنی پارٹی کی اس طریقے سے کسی طور پر تذلیل برداشت نہیں کر سکتا، میں پیپلز پارٹی کی اس قسم کی تذلیل کسی طور پر برداشت نہیں کر سکتا اور جب میں ان دو پارٹیوں کی نہیں کر سکتا تو اسی طرح مسلم لیگ (ن) کی میں برداشت نہیں کر سکتا کیونکہ ہم سب ایک ہیں اور ہمیں اس انداز میں نہیں سوچنا چاہیئے۔ رہی اس واقعہ کی بات تو واقعہ کے حوالے سے بالکل تحقیقات ہونی چاہئیں، یہ ضروری نہیں ہے کہ صرف پولیس ذمہ دار ہو، شاید کوئی اور ذمہ دار بھی نکل آئے، شاید یہ بھی ہو کہ جلوس نکالنے والوں میں بھی کوئی ایسے لوگ گھس آتے ہیں کہ وہ اس پارٹی کو بھی بدنام کر دیتے ہیں، حکومت کو بھی بدنام کر دیتے ہیں، لہذا جو بھی جس بھیس میں آیا ہو، مکمل تحقیقات کی جائیں اور بلاتفریق صرف پولیس کے حوالے سے نہیں، انتظامیہ کے حوالے سے نہیں بلکہ پورے واقعہ کی تحقیقات کی جائیں اور جو بھی اس میں مورد الزام ٹھہرایا گیا، میں ان سے یہیں وعدہ کرتا ہوں کہ ان کو پوری کی پوری سزا دی جائے گی اور مثالی سزا دی جائے گی تاکہ آئندہ کیلئے ایسا نہ ہو۔ ہم بھی سیاسی ورکرز ہیں، اگر آج اختیار ولی کا یہ نام لے رہی ہیں تو کل کو ہم بھی اسی طرح نکلیں گے اور ہمارے ساتھ بھی یہ ہو سکتا ہے، لہذا جس طریقے سے ہم اپنے لئے سوچتے ہیں اس طرح دیگر کیلئے بھی سوچتے ہیں۔ لہذا اس

واقعے کی تحقیقات ہونی چاہئیں اور جو بھی اس میں موردالزام ٹھہرایا گیا، اس کو پوری کی پوری سزادی جائے گی۔

جناب سپیکر: جی، پیر صاحب، پیر صابر شاہ صاحب۔ پیر صابر شاہ صاحب، آنریبل ممبر صاحب کا مائیک آن کریں۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر صاحب! جس طرح اس مسئلے کو اس ایوان میں پیش کیا گیا، میں سمجھتا ہوں جی کہ اس میں سیاسی جماعتیں اور لاء اینڈ آرڈر کو Maintain رکھنا، یہ حکومتوں میں اکثر لاٹھی چارج اور یہ ساری باتیں ہو جاتی ہیں اور ہم سیاسی کارکن ہیں، ان چیزوں کو برداشت کرتے بھی آئے ہیں اور یہ تمام جماعتیں جو ہیں، حکومت اور اپوزیشن کے اندر یہ کھیل ہمیشہ رہتا ہے لیکن شازیہ بی بی نے جن چیزوں کی نشاندہی کی ہے اور میاں صاحب جو اہل نظر بھی ہیں اور ہر چیز پر بڑی گہری نظر رکھتے ہیں اور کسی نکتے کو نظر انداز نہیں کرتے، ان کی ذمہ داریاں بہت زیادہ ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ جو اہم نکتہ انہوں نے نظر انداز کیا، یہ عمداً نہیں لیکن ہو جاتا ہے، اس پر میں ضرور بات کرونگا۔ سیاسی جماعتوں کا آپس میں ہمیں احترام کا رشتہ رکھنا چاہیئے، چاہے کوئی مرکز میں ہو، چاہے صوبے کے اندر ہوں، سیاسی جماعتوں کی قیادتوں کو ہمیں احترام اور حکومت اور اپوزیشن کے درمیان جو ایک طریقہ کار ہوتا ہے، اس کو بھی ہمیں ملحوظ خاطر رکھنا چاہیئے اور میں اس پر نہیں جاتا، یہ معزز ایوان ہے، یہاں جو بھی معزز ایوان فیصلے کرتا ہے، میں اس پر بات نہیں کرتا اور ایک نیا دروازہ میں کھولنا بھی نہیں چاہتا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمیں آپس میں ایک دوسرے کا احترام کرنا چاہیئے لیکن جو بات یہاں پر ہوئی ہے، وہ بات انتہائی سنگین اور ایک ایسی بات ہے جو کہ ہمارے اس خیبر پختونخوا کے روایات کے بالکل برعکس ہے۔ یہاں تشدد کے واقعات، اس سے پہلے بھی میرے بھائی چمکنی صاحب نے بات کی، وہ بڑی Routine کی باتیں ہیں جی کہ پولیس تشدد بھی کرتی ہے، مارتی بھی ہے، Flirt کی بھی کوشش ہوتی ہے، زیادتیاں بھی ہو جاتی ہیں لیکن یہاں جو بات کی گئی ہے کہ سیاسی کارکنوں کو یقیناً، جس طرح میاں صاحب نے جو بات کی، ہو سکتا ہے کہ اس کے اندر ایسے لوگ ضرور ہونگے جنہوں نے اس Procession، اس جلوس کے دوران، اس احتجاج کے دوران اپنی Limit کو کراس کیا ہو، ہو سکتا ہے کہ انہوں نے بہت زیادہ زیادتی کی ہو لیکن کتنی ہی زیادتی کیوں نہ کی ہو، میرے خیال میں Collectively تھانے کے اندر کسی کو لے جا کر سیاسی کارکنوں کو ننگا کرکے، بے آبرو کرکے اور پھر ان کے ساتھ زیادتی کرنا جناب سپیکر، یہ بات آج جب دوسرے صوبوں میں جائے گی، یہ

بات جہاں بھی جائے گی، کیا اس صوبے کے اس پختون معاشرے کے اندر یہ معزز ایوان اس بات کو برداشت کر سکتا ہے کہ اس صوبے کے اندر ہم پر کوئی ایسا داغ لگے؟ میں یہ نہیں کہتا کہ یہ حکومت کے ماتھے پر داغ ہے جناب سپیکر! یہ داغ ہم سب کے چہروں پر ہے، بلا تفریق کہ حکومت کس کی ہے اور اپوزیشن میں کون بیٹھا ہے لیکن میں یہ ضرور کہونگا کہ یہ کونسی روایات کی ہم ابتداء کر رہے ہیں، ہم کس جانب جا رہے ہیں؟ کیا اس سوسائٹی اور اس صوبے کے اندر اس سے پہلے ایسی کوئی مثال ہے کہ تھانے میں سیاسی کارکنوں کو لے جا کر ننگا کر کے ان کو اذیت دی جائے اور ان پر تشدد کیا جائے؟ لہذا میری گزارش یہ ہے، نہ میں اسے حکومت کا مسئلہ سمجھتا ہوں اور نہ اپوزیشن کا مسئلہ سمجھتا ہوں، میں اپنی روایات، اپنی پختونولی اور انسانیت جس کے اپنے تقاضے ہیں، میں اس کو انسانیت کا مسئلہ سمجھتا ہوں اور میں گزارش کرتا ہوں کہ شازیہ بی بی نے جو پوائنٹ آف آرڈر پیش کیا ہے، اس کو تحریک التواء میں Convert کیا جائے تاکہ اس کی ہم تحقیقات کریں کہ حقائق کیا ہیں؟ یہ بھی میں نہیں کہتا، میں سوچ بھی نہیں سکتا کہ شازیہ بی بی نے جو بات کی ہے کہ یہ ممکن بھی ہے کہ ہماری پولیس اس حد تک چلی جائے گی کہ وہ اس قسم کے اقدامات کرے گی؟ اس کیلئے ضروری ہے جی کہ اس کی تحقیقات ہوں اور اس کو ہم Convert کریں تحریک التواء میں جی۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: تھینک یو، پیر صاحب۔ پہلے میاں صاحب نے بھی اس کی پوری سپورٹ کی، شازیہ اورنگزیب صاحبہ نے ایک بہت بڑا واقعہ پیش کیا ہے تو پورے ہاؤس کی طرف سے حکومت کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس واقعے کی پوری تحقیق کرے اور ایک ہفتے کے اندر اندر رپورٹ اسمبلی سیکرٹریٹ کو پیش کی جائے۔

The sitting is adjourned till 10:00 AM of Thursday morning, 24-03-2011. Thank you.

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعرات مورخہ 24 مارچ 2011ء صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)